# 15

# کاغذ سے ترکیبیں



انجیل کی تعلیم کی تقویت کے لئے

مصنف سوسانا اری ریولا

هر وہ چیز جو ہماری انجیل کی تعلیم کو تقویت دینے میں ہماری مدد دے ایک برکت ہے!


ہماری کلاسوں میں ہم بچوں کو مختلف قسم کی چیزیں سیکھاتے ہیں۔ کچھ سننے میں اچھی لگتی ہیں اور کچھ ادھر ادھر دوڑتی نظر آتی ہیں کچھ کی تصویریں دیکھنا اچھا لگتا ہے، کچھ باتیں ہی باتیں ہوتی ہیں اور کچھ خاموشی سے سوچنے پر مجبور کردیتی ہیں۔ لڑکے اور لڑکیوں میں کبھی بھی کوئی ایسی کمی نہیں ہوتی کہ وہ ایک جگہ پر کھڑے رہ سکیں۔ اسی لئے، ہمارے پڑھانے سیکھانے کا کام لازمی کام ہونا چاہئیے جس میں ہر ایک کے لئےپر کشش خصوصیات ہوں۔ موجودہ مواد مک ملان / مک گرہ ہل (Macmillan / McGraw-Hill ©) کے دیناہ زائک کی کتاب فولڈ ایبلز Foldables سے لیا گیا ہے وہ لڑکے اور لڑکیوں کے ساتھ کام کرنے کے لئے ایک سب سے بہترین طریقہ پیش کرتے ہیں جو لڑکے اور لڑکیوں کے کئی خصوصیات پر مشتمل ہے اور اسی لئے یہ سیکھنے کے عمل کو تقویت دیتا ہے۔ اور نہ صرف یہ بلکہ اس میں نہایت قابل خرید مواد استعمال ہوا ہے جو ہر ایک کی تخلیقی صلاحیت کو بڑھانے کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔

خدا آپ کو بے شمار برکتیں عطا فرمائے!!
محبت کے ساتھ
سوسانا اری ریولا

"فولڈایبلز"
یہ ایک فن ہے جو لڑکے اور لڑکیوں کے ساتھ ہماری بہت مدد کرتا ہے۔ یہ مک ملان / مک گرہ ہل کے دیناہ زائک کا پیٹنٹ (رجسٹرڈ شدہ کام) تھا۔
آج ہم اسے اتوار اسکول کے لئے استعمال کررہے ہیں!!!
یہ ضروری ہے کہ ہم پہلے بنیادی فولڈکے ناموں کو جانیں اور ان کی کام کے دوران ہدایات دیں ۔

"فولڈ ایبلز" جو ہم سیکھنے جارہے ہیں:
ٹیکو فولڈ
هیم برگر فولڈ
ہاٹ ڈاگ فولڈ
بریٹو فولڈ
دو دروازہ فولڈ
وادی فولڈ
پہاڑی فولڈ


## 1۔ چار دروازہ فولڈایبل



چلیں شروع کریں!!!
1۔ دو دروازہ فولڈ کریں۔
2۔ پھر هیم برگر فولڈ کی طرح اندر کی طرف موڑیں کریں۔
3۔ تہہ کو کھولیں اور صرف تہہ کی سائیڈوں سے آدھا کاٹیں۔
4۔ یہ کاٹ کتاب کے اندر چار دروازے بنائے گا۔


آپ اس فولڈایبل کو موضوعات کے لئے استعمال کرسکتے ہیں جو چار حصوں میں تقسیم ہے یا سوالات کے ساتھ کہانی کےخلاصے کے لئے بھی استعمال کرسکتے ہیں: کیا؟ کب؟ کیسے؟ کیوں؟
اوراندرونی طرف، آپ دوسری لکھنے کے کام یا کہانی کے بارے میں ڈرائنگ کرسکتے ہیں۔

## 2۔ فولڈایبل جیب




1۔ ہیم برگر فولڈ کریں۔
2۔ ہیم برگر فولڈ کو کھولیں اور لمبی سائیڈ سے اسے فولڈ کریں۔
3۔ جیب بنانے کے لئے دو انچ فولڈ کریں اور نئی جیب بنانے کے لئے دوبارہ ہیم برگر فولڈ کریں۔
4۔ کچھ گلیو کی مقدار استعمال کرتے ہوئے دو انچ کے بیرونی کناروں پر گلیو لگائیں۔ پھر آپ اس میں رکھنے کے لئے کارڈ بنا سکتے ہیں۔

## 3۔ چار دروازوں کاا فولڈایبل شوکیس




1۔ ایک چار دروازوں کا فولڈایبل بنائیں۔
2۔ اوپر اندرونی کونوں کو باہری کناروں کی طرف موڑیں اس طرح جیسے آپ کی قمیض کے کالر اور پھر اسی طرح نچلے کونوں کو بھی موڑیں۔ پھر ایسا نظر آئے گا کہ کونوں یا چھوٹے تکونوں میں ٹیکو فولڈ بن چکا ہے۔
3۔ چھوٹے تکونوں کو کاٹ کر ہٹا دیں۔
4۔ پھر 90 ڈگری کے زاویہ پر جب تک موڑیں کہ مڑے ہوئے تکون کرایک دوسرے کے اوپر شو کیس بنائیں، تکونوں کو ملانے کے لئے اسٹیپل یا گلیو استعمال کریں۔
5۔ یا اگر آپ چاہیں تو سائیڈوں کو اسٹیپل یا گلیو کے استعمال کے بغیر جوڑنے کے لئے چاروں تکونوں کو نہ کاٹیں۔

## 4۔ مکعب (کیوب) دکھنے والا فولڈایبل




1۔ ایک سائز کے کاغذوں کی دو شیٹیں لیں۔ دونوں کو ہیم برگر فولڈ سے دوہرا کریں۔ اسی طرح کہ ایک سائیڈ دوسری سائیڈ سے آدھا انچ کم ہو۔ یہ ایک انچ بن جائے گا جسے آپ موڑیں گے۔
2۔ کاغذ کی دونوں شیٹوں کی چھوٹی سائیڈ پر لمبی سائیڈ کو فولڈ کریں۔
3۔ فولڈ کاغذوں میں سے ایک کے چھوٹے حصے پر گلیو کی کچھ مقدار لگائیں۔
4۔ کاغذ کی دوسری شیٹ کے بغیر کھلے کناروں کو پہلی شیٹ کے گلیو لگے حصے کے ساتھ اس وقت تک ملا کر رکھیں جب تک کہ وہ چپک نہ جائیں۔ اسی عمل کو دوسرے رخ کے لئے دوہرائیں۔
5۔ جاری رکھنےسے پہلے گلیو کو سوکھنے دیں۔ گلیو سوکھنے کے بعد، مکعب کو فولڈ کرسکتے ہیں تا کہ وہ کام کرے۔ مکعب کو آسانی سےمحفوظ کرنے یا دیکھنے کے حصے سے حرکت دینے کے لئے چار حصوں میں بھی موڑ سکتے ہیں۔

## 5۔ آبشار فولڈایبل



1۔ کاغذوں کے دو یا تین شیٹوں کو ایک دوسرے کے اوپر اس طرح رکھیں کہ پچھلی شیٹ اگلی شیٹ سے ایک انچ آگے ہو۔
2شیٹوں کے نچلے حصوں کو آگے کریں اور کناروں کو ایک سیدھ میں کریں تا کہ تمام تہیں یا ٹکڑے ایک جیسے فاصلے پر ہیں۔
3۔ جب تمام صفحے ایک ہی فاصلے پر ہوجائیں تو کاغذوں کو فولڈ کریں اور ان پر اچھی طرح موڑ کی لکیر بنائیں۔۔
4۔ پھر علیحدہ کر کے اسی طرح گلیو لگانا شروع کریں اور شیٹوں کو فولڈ کے ساتھ ایک دوسرے سے جوڑیں۔


## 6۔ حامل محاورہ فولڈایبل




1۔ کاغذ کی ایک شیٹ کو آدھا ہیم برگر میں فولڈ کریں۔
2۔ ہیم برگر کو کھولیں اور دونوں باہری کناروں کو درمیان کی طرف فولڈ کریں۔ یہ بند فولڈ کی شکل بن جائے گی۔

3۔ باہر نکلے حصے کے اندرونی کنارے کے ایک حصے کو نیچے سے باہر کی طرف فولڈ کریں۔ اس فولڈ سے لچکدار "L" بنتا ہے۔
4۔ نچلے فولڈ کے پہلے حصے پر گلیو لگائیں تا کہ ایک مضبوط سیدھے "L" کی شکل بن جائے۔
5۔ پھر ایک قسم کا ٹینٹ بنانے کے لئے پچھلے حصے کو چپکائیں یہ اتنا بڑا ہو کہ اس میں کارڈ رکھے جاسکیں۔
6۔ ہونٹ بنانے کے لئے "L" ٹکڑےکے کناروں کو ایک چوتھائی یا آدھا فولڈ کریں جو کارڈ کو اس سے باہر نکلنے سے بچائے گا۔

## 7۔ فولڈ ٹکڑے فولڈ ایبل





1۔ ایک شیٹ کو ہیم برگر فولڈ کی طرح فولڈ کریں۔
2۔ ایک سائیڈ کو دوسری سے تقریباً ایک انچ بڑا  رکھ کر چھوڑ دیں،
3۔ چھوٹی سائیڈ پر ایک انچ نکلے ہوئے حصے کو فولڈ کر کے لکیر بنائیں۔





## 8 اور 9 دو اور تین ٹکڑوں کے فولڈایبل

1۔ شیٹوں کو فولڈ کر کے ہاٹ ڈاگ فولڈ بنائیں۔
2۔ کناروں سے درمیان کی طرف صفحے کو نیچے سے تہہ کریں اگر آپ دو کناروں والی فولڈایبل بنانا چاہتے ہیں۔
3۔ یا اگر آپ تین تہوں والی فولڈایبل بنانا چاہتے ہیں تو دائیں سمت سے درمیان تک تہہ لگائیں اور پھر بائیں سے دائیں سمت تین حصے بنانے کے لئے لے جائیں۔
4۔ دائیں اور بائیں فولڈ کو کھولیں۔ دو حصوں کو کاٹیں تا کہ تین ٹکڑے بن جائیں۔
اختیارات:
- صرف ایک حصے کو کاٹنے سے سے غیر مساوی سائز کے دو ٹکڑوں کی فولڈایبل ہوں گی۔
- بڑے تعمیراتی کاغذ فولڈنگ شیٹ بنانے کے لئے استعمال کریں جس پر زائد معلومات رکھی جا سکتی ہیں۔

## 10۔ چار ٹکڑونکی فولڈ ایبل





1۔ ایک کاغذ کی شیٹ کو ہاٹ ڈاگ تہہ فولڈایبل بنانے کے لئے فولڈ کریں۔
2۔ کنارے کے ساتھ نیچے موڑ کر چار عمودی (کھڑے) حصے بنائیں۔
3۔ ان تہوں کو کھولیں۔ حصوں کو کاٹیں تاکہ تمام ٹکڑے بنیں۔




## 11۔ آٹھ ٹکڑوں کی فولڈایبل


1۔ ایک کاغذ کے شیٹ کو ہاٹ ڈاگ شکل میں تہہ کریں۔
2۔ کنارے کے ساتھ نیچے موڑ کر چار عمودی حصے بنائیں۔
3۔ ان تہوں کو کھولیں۔ تین فولڈ کی لکیروں کو کاٹیں تا کہ چار ٹکڑے باقی رہ جائیں۔
4۔ اسی طرح دوسری شیٹ کے ساتھ دہرائیں جس سے دو شیٹوں کے چار ٹکڑے ہو جائیں گے اور پھر انہیں گلیو سے ایک دوسرے کے ساتھ جوڑ دیں اور اب آپ کے پاس آٹھ ٹکڑےکی فولڈایبل ہیں۔

## 12- اہرام فولڈایبل




1- ایک کاغذ کی شیٹ کو فولڈکرکے ٹیکو فولڈ بنائیں۔ چوکور بنانے کے لئے، مستطیل کاغذ کو فولڈ کرکے زائد حصے کو کاٹ دیں۔
2- کاغذ کو کھولیں اور مخالف سمت میں فولڈ کر کے X کی شکل میں فولڈ کے نشان بنائیں۔
3- ایک تہہ کو X کے درمیان تک کاٹیں۔ اس سے دو تکونے حصے بنیں گے۔
4- اہرام بنانے کے لئے، گلیو کی مدد سے ایک حصے کو دوسرے سے جوڑیں۔
5- اہرام کے باہر اور اندر معلومات، نوٹس، خیالات، ڈرائنگ اور سوالات لکھیں۔

## 13- باجا فولڈایبل




1- درج ذیل ہیم برگر تہہ کی طرح ہر کاغذ کی شیٹ کوفولڈکریں لیکن ایک سائیڈ دوسرے سے ایک انچ چھوٹی چھوڑ دیں۔ یہ آدھے انچ لمبا ٹکڑا بنے گا۔
2- اس ٹکڑے کو آگے کی جانب سب سے چھوٹی سائیڈ پرتہہ کریں اور پھر دوبارہ اسے پلٹ کرتہہ کریں۔ اس طرح ہر شیٹ پر عمل کریں۔
3- باجا بنانے کے لئے، ایک شیٹ کےٹکڑے کی سائیڈ کو دوسری شیٹ کے بغیر ٹکڑے والی سائڈ سے گلیو کی مدد سے جوڑدیں۔

## 14- فولڈایبل مکعب (کیوب)



1- کاغذ کی دو شیٹیں لیں اور انہیں علیحدہ علیحدہ ہیم برگر کی طرح فولڈ کریں۔
2- ایک شیٹ پر اسکیل سے ہر سائیڈ کے کونے سے ایک انچ کے سولہویں حصے پر نشان لگانے کے لئے ناپیں۔ کونے سے نشان کے نقطے کے لئے فولڈ کے ساتھ ایک چھوٹے سے حصے کو کاٹ کر کھولیں۔
3- دوسری شیٹ پر کونوں کے کناروں پر ایک انچ کا نشان لگائیں۔
4- دوسری شیٹ کو کنارے کے ساتھ پہلے نشان سے دوسرے نشان تک کاٹیں۔ تصویر میں نقطوں والی لکیر دیکھیں۔
5- مرحلہ 2 سے شیٹ کو کاٹیں اور بریٹو کی طرح فولڈ کریں۔ دوسری شیٹ پر بریٹو کو رکھیں اور اسے گھمائیں اور پھر بریٹو کو کھولیں۔
6- آٹھ صفحات کی کتاب بنانے کے لئے متعلقہ صفحات کو درمیان سے تہہ کریں۔



## 15- فولڈایبل لفافہ

1- ایک کاغذ کی شیٹ کو ٹیکو فولڈ کے ساتھ فولڈ کر کے چوکور بنائیں۔ کاغذ کو صرف چوکور رکھ کر باقی اضافی حصے کو کاٹ دیں۔
2- فولڈ شیٹ کو کھولیں پھر دوسری طرف موڑیں۔ اس کی لکیریں X بنائیں گی۔
3- ٹیکو کو کھولیں اور X نقطے پر درمیان نقطے کی طرف کونوں کو فولڈ کریں اور چھوٹا چوکور بنائیں۔

## مصنف کے بارے میں



سوسینا اری ریولا، پیار سے سوسی کہلاتی ہیں، ایک خوش خرم گوانتامالن ہیں اور چھ بھائیوں کی سب سے بڑی بہن ہیں۔ انہوں نے خداوند کو جب پایا اس وقت وہ سات سال کی تھیں اور ان کے اس سے بارہ سال کی عمر میں بھی کئی ذاتی مقابلے ہوئے۔ تب سے وہ چرچ میں منفرد انداز سے خداوند کی خدمت کررہی ہیں۔ وہ بچوں کے عیسائی ادارے سے محبت کرتی ہیں اور 22 سالوں سے ان اداروں کے ساتھ کام کررہی ہیں۔ انہوں نے نرسری، بچوں کے لئے اتوار اسکول، پھر نوجوانوں کے ساتھ کام کیا اور آخر میں ادارے کی جنرل کوآرڈینیٹر بنیں۔ وہ چھٹیوں کے اسکولوں اور کیمپوں کی بھی نگرانی کرتی ہیں اور اس وقت "بچے اہم ہیں" کے ساتھ کام کررہی ہیں۔
سوسی نے ایجوکیشنل منیجمنٹ میں ماسٹر کی ڈگری لی ہے اور ایک اسکول کی پرنسپل بھی ہیں۔ وہ اپنے شہر ولا نیووا کے ضرورت مند علاقوں میں کمزور بچوں کے لئے خدا وند کی آواز حاصل کرنے کے لئے دودھ اور شہد کے پراجیکٹ کے ساتھ بھی کام کررہی ہیں۔ وہ غیر شادی شدہ ہیں، سفراور قدرتی مناظر سے پیار کرتی ہیں اور انتھک خواب دیکھنے والی ہیں۔




## بچوں کے عیسائی ادارے کے اپنے باغ  کا خیال رکھیں

یوٹیوب پر انگلش کی  تربیت



**-اساتذہ کے لئے 8 ویڈیوز**
*https://youtu.be/vSF0qCCCEbE*

**-رہنماؤں کے لئے 8 ویڈیوز**
*https://youtu.be/ggABRVhNp4s*

موضوعا

آپ کے باغ میں سورج: اختلافات کو نمٹائیں
اپنے باغ کو پانی دیں: محبت کا اظہار کریں
آپ کے باغ  میں گھاس: نظم و ضبط کو قائم رکھیں۔




**دئیے گئے کام کو ختم کریں اور اپنی تکمیل کی سند حاصل کریں۔**
**آج ہی تربیت حاصل کریں!**

00104

www.ChildrenAreImportant.com
info@childrenareimportant.com
We are located in Mexico
00-52-592-924-9041

بچے
اہم ہیں